19-11-2024 TUESDY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

ل

......وزیراعلی نے کہا کہ ان کی حکومت خواتین کی حکومت ہے۔ وزیراعلی نے آج کالوجی کلاشیکترم کا ورنگل میں آغاز کیا۔

......وقارآباد کلکٹر حملے کے واقعے میں ملوث اہم ملزموں نے آج پولیس کے روبرو خود سپردگی اختیار کی۔

......تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج سیکشن 10/a کے تحت جاری سرکاری حکم نامے GO-16 کو منسوخ کردیا ہے۔ جس میں ریاست میں کنٹراکٹ ملازمین کو مستقل کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ا

......مرکزی جل شکتی وزارت نے تین ہفتے طویل کیمپ ۔ ہمارا شوچلائے ۔ ہمارا سمان ۔ کا آغاز کیا۔ آج ورلڈ ٹائلٹ ڈے کے موقع پر یہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔

KALOJI

پرجاپالانا تقریبات کے ایک حصے کے طور پر آج ورنگل میں وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے کلاشیکترم کا افتتاح کیا۔ کلاشیکترم پدم وبھوشن ایوارڈ یافتہ اور سیاسی کارکن کالوجی نارائن راو کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے۔ جو 1969 میں علیحدہ تلنگانہ ریاست کے لئے تحریک چلائی تھی۔ اس کثیرالمقاصد ثقافتی مرکز میں 1200 نشستوں والا آڈیٹوریم۔ آرٹ گیلیری۔ اور دیگر سہولیات موجود ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلی نے ثقافتی مرکز کے احاطے میں کالوجی کے مجسمے کی نقاب کشائی بھی انجام دی۔ وزیراعلی نے اس موقع پر مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا جبکہ بائیس اضلاع میں مہیلا شکتی عمارتوں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ بعدازاں انہوں نے ضلع ہنمکنڈہ کے سرکاری آرٹس کالج میں مہیلا شکتی اسٹالس کا دورہ کیا جہاں خواتین ایس ایچ او گروپس کی جانب سے اسٹالس لگائے گئے تھے۔

EX- GRATIA

وزیراعلی ریونت ریڈی کل راجنا سرسلہ ضلع میں سری راجا راجیشورا سوامی مندر کا دورہ کریں گے۔ وزیراعلی کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہاں کا ان کا یہ پہلا دورہ ہے۔ دورے کے پیش نظر بی سی ویلیفر وزیر نے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ منعقد کی۔ بذریعہ ہیلی کاپٹر ویملو واڑہ پہونچنے کے بعد چیف منسٹر یہاں مندر میں پوجا کریں گے۔ اور مندر کے کاموں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ بعد میں وہ مندر کے قریب عوامی اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔ اس موقع پر چیف منسٹر ڈسمبر 2023 کے بعد 17 خلیجی تارکین وطن متوفیوں کے افراد خاندان کو پانچ لاکھ روپئے ایکس گریشیا کی ادائیگی کے لئے یہ رقم براہ راست ان کے کھاتوں میں جمع کرنے کو منظوری دیں گے۔

CM TRIBUTES

وزیراعلی ریونت ریڈی نے ملک کی پہلی وزیر خاتون وزیراعظم ۔ بھارت رتن اندرا گاندھی کو ان کی یوم پیدائش کے موقع پر جوبلی ہلز

حیدر آباد میں واقعہ اپنی قیامگاہ پر خراج پیش کیا۔ اس دن کو قومی یکجہتی کے طور پر منایا جاتا ہے۔ وزیر اعلی نے غریبوں اور خواتین کی بہتری کے لئے اندرا گاندھی کی خصوصی خدمات کو یاد کیا۔

ABEDI

سابق وزیر اعظم آنجہانی اندرا گاندھی کی یوم پیدائش پر تلنگانہ اردو کونسل کی جانب سے خصوصی تعزیتی نشست منعقد کی گئی۔ سید مجتبیٰ عابدی۔ حیدر علی خان و دیگر نے اندرا گاندھی کو خراج پیش کیا۔

BRS

بی آر ایس نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ان بیانات کو مسترد کر دیا کہ کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم (کے ایل آئی ایس) کا اس فصل سیزن میں ریاست کے بمپر دھان کی فصل پر کوئی اثر نہیں ہوا ہے۔ بی آر ایس رہنماوں نے زور دے کر کہا کہ کالیشورم کے تحت تعمیر کئے گئے دو پمپ ہاوزسیس نے آبپاشی کے شعبے میں بڑا کردار ادا کیا ہے۔ جس کے نتیجے میں بڑے فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ بی آر ایس کے سینئر قائد و سابق رکن پارلیمنٹ اور پلاننگ بورڈ کے سابق وائس چیرمین بی ونود کمار نے آج میڈیا نمائندوں کو بتایا کہ یلم پلی اور مڈ مانیر ذخائر، کے ایل آئی ایس کے کئی پمپ ہاوزسیس کو اس موسم میں پانی فراہم کیا۔ اور اس کا فعال استعمال کیا گیا۔ انہوں نے چیف منسٹر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر کو اس معاملے میں صحیح معلومات حاصل نہیں ہیں۔

NITI AIM

نیتی آیوگ کے اٹل انوویشن مشن نے آج نئی دہلی کے 15 فیلوشپ طلبا کو کمیونٹی انوویٹر فیلوشپ پروگرام کے تحت اپنی فیلوشپ کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے پر مبارکباد دی۔ یہ پروگرام ایک سال کا ہے جس کا مقصد مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے اختراع کاروں کو مضبوط بنانا ہے۔ اس موقع پر ان طلبا کو اپنے منصوبوں کو بڑھانے کے لئے اضافی گرانٹ دی جائے گی۔ اس کے علاوہ ان فیلوشپ طلبا کو اپنی مصنوعات فروخت کرنے کے لئے مزید ایک لاکھ روپئے کی مدد کی جارہی ہے۔ آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے اٹل انوویشن مشن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ف چنتن ویشنو نے کہا کہ اس آغاز کی وجہ سے اہم چیالینجوں سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔۔ جیسے انکیوبیٹروں کی صلاحت میں عدام توازان کو درست کرنا شامل ہے۔

JAL SHAKTI

مرکزی جل شکتی وزارت نے تین ہفتے طویل کیمپ۔ ہمارا شوچلائے۔ ہمارا سمان۔ کا آغاز کیا۔ آج ورلڈ ٹائلٹ ڈے کے موقع پر یہ پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اس مہم کا مقصد صفائی کی بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا ہے۔ پورے ملک میں بیت الخلاء کی دیکھ بھال اور اس نظام کو مضبوط کرنے کے لئے کیمپس منعقد کئے جائیں گے۔ اس مہم کے دوران مختلف مقابلہ جات بھی منعقد کئے جائیں گے۔ اس مہم کا اگلے ماہ کی دس تاریخ کو یوم قومی انسانی حقوق کے موقع پر اختتام ہوگا۔

WANAPARTY

ڈسٹرکٹ کلکٹر آدرش سربھی نے پرجا پالا ناوجئے اتسو کلا یاترا کے دوران کہا کہ ریاستی محکمہ ثقافت کے فنکار آج سے اگلے مہینے کی سات تاریخ تک 57 پروگرام پیش کریں گے۔ تاکہ ریاستی حکومت کی طرف سے شروع کی جارہی ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کے بارے میں عوام میں شعوری بیداری کی جاسکے۔ ایڈیشنل کلکٹر لوکل باڈیز۔ سنچیت گنگوار۔ اور ایڈیشنل کلکٹر ریونیو وینکٹشورلو نے ڈسٹرکٹ سیول ریلیشن آفیسر کے ساتھ کلکٹریٹ کے احاطے سے پرجا پالا ناوجئے اتسو کلا یاترا کو جھنڈی دیکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے فنکاروں سے کہا کہ وہ گاوں۔ منڈلوں اور بلدیات میں ان پروگراموں کو کامیاب بنائیں۔

HYDRAA

حیدرآباد ڈیزاسسٹر ریسپانس اینڈ اسیٹ پروٹکشن ایجنسی۔ ہائیڈرا نے آج سنگاریڈی میں امین پور مینوسپالٹی کی وندنا پوری کالونی میں ایک غیر قانونی عمارت کو گرادیا جو سڑک پر تجاویز کر رہی تھی۔ ہائیڈرا کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں ریسڈینٹ ویلیفر اسوسی ایشن کی شکایت کا حوالہ دیا گ۔ جس کے بعد لے آوٹ کا معائنہ کیا گیا۔ واضح رہے کہ دوسوتیں مربع گز کے پلاٹ پر تعمیر کی جانے والی اس عمارت کو سڑک کے قواعد کی خلاف ورزی پر گرادیا گیا ہے۔

GSAT-20

انڈین اسپیس ریسرچ آگنائزیشن اسرو نے اسپیس ایکس کے بورڈ پر اپنا سب سے جدید مواصلاتی سٹلائٹ جی سائٹ 20 کامیابی کے ساتھ لانچ کیا ہے۔ فلکن نائن راکٹ گذشتہ رات امریکہ کے کنارورل سے لانچ کیا گیا۔ اس موقع پر اسرو کے چیرمین ایس سومناتھ نے کہا کہ یہ ایک بہت بڑا کامیاب لانچنگ پروگرام رہا۔ انہوں نے کہا کہ سٹلائٹ بہتر کارکردگی کررہا ہے۔ اور یہاں سولار پیانلس کو بھی تعینات کیا گیا ہے۔ اس سٹلائٹ کے ذریعہ دوردرزاعلاقوں میں براڈ بینڈ خدمات اور مسافر طیاروں میں دوران پرواز انٹرنیٹ خدمات فراہم کی جاسکیں گی۔ واضح رہے کہ یہ پہلی بار ہے کہ اسرو نے اسپیس ایکس راکٹ کے ذریعہ سٹلائٹ لانچ کیا ہے۔

HC PATNAM

تلنگانہ ہائی کورٹ نے بی ار ایس۔ بھارت راشٹراسمیتی کے سابق رکن اسمبلی پی نریندرریڈی کو چرلہ پلی جیل میں خصوصی بیارک میں منتقل کرنے کی اجازت دی ہے۔ عدالت نے سیکوریٹی خدشات اور دیگر وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے انہیں دیگر قیدیوں سے الگ بیارک میں رکھے جانے کی درخواست کو قبول کیا ہے۔ ہائی کورٹ نے ان کی درخواست کا جائزہ لینے کے بعد جیل حکام کو ہدایت دی کہ وہ انہیں دیگر قیدیوں سے علیحدہ رکھتے ہوئے خصوصی بیارک فراہم کرے۔ علاوہ ازیں عدالت نے نریندرریڈی کو جیل میں گھر کا پکا ہوا کھانا حاصل کرنے کی بھی اجازت دی ہے۔